## سوال

(897) یاشیخ عبدالقادر وخواجہ سلیمان وغیرہ کاورد کرنا

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

یاشیخ عبدالقادر وخواجہ سلیمان وغیرہ کاورد کرنا جائز ہے یا شرک ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

ورد کرنا یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئا اللہ وغیرہ کا حرام ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے ترجمہ ارشاد الطالبین میں لکھا ہے، *آنکہ*[1] *جہاں می گونید کہ یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئا اللہ یا خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی شیئا اللہ جائز نیست واگر روح حضرت شیخ زا متصرف الامور اعتقاد می کند مکفر سے دیگر است وفی البحر الرائق من ظن ان المیت یتصرف فی الامور دون اللہ و اعتقد بذلک یکفر انتھی۔*

سید محمد نذیر حسین ابوالفیض محمد عبداللہ حنفی الجواب صحیح احمد الدین رشید احمد گنگوہی، جواب سب صحیح اور درست ہیں، جواب سب صحیح ہیں محمد ہاشم ... سید محمد عبدالسلام غفرلہ ... پیر محمد دارم صد شکر کہ من۔

---

[1] وہ جو جاہل لوگ یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئا اللہ اور یاشیخ شمس الدین ترک پانی پتی شیئا اللہ کہتے ہیں، جائز نہیں ہے اور اگر شیخ کی روح کو متصرف فی الامور خیال کرے تو یہ دوسرا کفر ہے، بحر الرائق میں ہے جو آدمی یہ عقیدہ رکھے کہ میت اللہ کے سوا امور میں تصرف کر سکتی ہے وہ کافر ہے۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد 02**